قرآن کریم کے جمع اور تحفظ کے بارے میں اسلامی مصادر بلکہ خود قرآن کریم پر غور کر کے ان سوالات کے جواب تلاش کیے جائیں جو ان مفروضوں میں اٹھائے گئے ہیں۔ یہ چند سطور اسی ضرورت کے پیشِ نظر تحریر کی گئیں ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ مذکورہ مضمون پر بعض تنقیدی تحریرات بھی اس شمارے میں شامل کی گئی ہیں۔---اس موضوع پر اہل علم کی دلچسپی کے لیے ایک جامع کتابیات تیار کرنے کا کام بھی جاری ہے، جسے ان شاء اللہ آئندہ کسی شمارے میں پیش کر دیا جائے گا۔

مغرب اور اسلام کا یہ شمارہ جہاں اس سہ ماہی مجلّہ کے ایک نئے دور کا آغاز کر رہا ہے جس میں ہم نے یہ طے کیا ہے کہ ہر شمارہ کو ایک عصری موضوع کے مختلف پہلوؤں کے لیے وقف کر دیا جائے وہاں اس نئی شکل کا آغاز کتاب ہدایت پر مضامین سے کیا جا رہا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ ہمارے قارئین اس نئی ترتیب پر اپنی تنقیدی آراء سے ہمیں مطلع کریں گے تاکہ ہم مجلّہ کو مزید بہتر بنا سکیں۔